پریس ریلیز

منہ، چہرہ اور جبڑے کے فریکچر کے علاج کے لیے جنرل ہسپتال میں سہولت کی فراہمی

پروفیسر ارمغان اسرار مرزا شعبہ اورل اینڈ میکسیلوفشل کے سربراہ، کینسر و بناوٹی نقائص کے آپریشن بھی کریں گے

وزیر اعلیٰ کے ویژن کے تحت مریضوں کو بہترین سہولیات دی جارہی ہیں: پرنسپل الفرید ظفر

پیر اور جمعرات کو آؤٹ ڈور میں مریضوں کا چیک اپ ہوگا:پروفیسر ارمغان

میڈیکل سٹوڈنٹس کو سرجری کی تربیت کے مواقع میسر ہونگے: پروفیسر فریاد حسین

لاہور 18 مئی:........ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہیلتھ سیکٹر ڈویلپمنٹ پالیسی پر عملدرآمد کرتے ہوئے لاہور جنرل ہسپتال میں شعبہ "اورل اینڈ میکسیلوفشل" میں مریضوں کا علاج شروع کر دیا گیا۔اس نئے شعبے کے آغاز سے ایل جی ایچ میں چہرے کے کینسر اور بناوٹی نقائص کے علاج معالجہ کی بڑی اور جدید سہولت دستیاب ہوگی۔ ہسپتال میں حادثات کے زخمیوں کو ایمرجنسی میں لایا جاتا ہے جہاں قبل ازیں ٹوٹے جبڑے اور چہرے کی ہڈیوں کے علاج کے لئے دیگر ٹیچنگ ہسپتالوں میں ریفر کیا جاتا تھا تاہم اب مذکورہ مریضوں کو اس مشکل سے نجات مل گئی ہے اور ٹوٹے جبڑوں کی سرجری جنرل ہسپتال میں ہی ممکن ہوگئی ہے۔

اس امر کا اعلان پروفیسر الفرید ظفر نے نئے قائم ہونے والے شعبے کی افتتاحی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین، پروفیسر ارغمان اسرار مرزا، ڈاکٹر محمد الیاس، ڈاکٹر عامر ایوب، ڈاکٹر عبدالعزیز و ہیلتھ پروفیشنلز بھی موجود تھے۔ ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ پروفیسر ارمغان اسرار مرزا نے بتایا کہ 20 بستروں پر مشتمل وارڈ قائم کی گئی ہے جبکہ ہفتے میں دو دن پیر اور جمعرات آؤٹ ڈور میں مریضوں کو طبی معائنہ و علاج کی سہولیات دستیاب ہوگی۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ یہ امر خوش آئند ہے کہ جنرل ہسپتال میں گزشتہ چند سالوں کے دوران مختلف شعبوں میں بہت ترقی کی ہے اور مریضوں کو علاج معالجے کی جدید سہولیات میسر آئی ہیں جو ہمارے ہیلتھ پروفیشنلز کی کاوشوں اور پیشہ وارانہ لگن کا عکاس ہے۔پرنسپل کا کہنا تھا کہ "اورل اینڈ میکسیلوفشل" کے قیام میں صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی سرپرستی حاصل رہی ہے جن کی بدولت یہ اہم منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچا ہے اور مریضوں کیلئے ایک نئی سہولت کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ جنرل ہسپتال کے علاوہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کے مریض بھی اس سہولت سے مستفید ہوسکیں گے اور شہریوں کو سہولتوں کے حوالے سے بھی ضروری مدد ممکن ہوجائے گی۔پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ہیلتھ سیکٹر کی ڈویلپمنٹ اولین ترجیح ہے اور جنرل ہسپتال انہیں خطوط پر استوار کر کے تمام شہریوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کر رہا ہے جبکہ منہ، چہرے اور ٹوٹے جبڑوں کے آپریشن کی سہولت فراہم کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہوگیا ہے۔جس کے شہریوں کی صحت پر دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین نے پروفیسر ارغمان اسرار مرزا کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں، مہارتوں اور میڈیکل ایجوکیشن کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ پی جی ایم آئی و امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس کو (اورل اینڈ میکسیلوفشل) کی سرجری کے حوالے سے تعلیم و تربیت میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔

☆☆☆☆